تعمیرِ پاکستان سکول

(نیشنل میڈیم)

جذبۂ حب الوطنی کی ترویج

اخلاقی تعلیم وتربیت کا خصوصی اہتمام

جدید تعلیمی ماحول

چاہ سلطان، گلی نمبر 17 (عقب PSO پٹرول پمپ) راولپنڈی
فون : 051-5780927

تعمیرِ پاکستان سکول

کسی بھی معاشرے کی بہتری اور ترقی کے لیے ایک اچھا تعلیمی نظام انتہائی ناگزیر و ضروری ہوتا ہے، دنیا میں جن ملکوں نے بھی ترقی کی ہے اس کے پیچھے ان کے تعلیمی نظام کا بڑا ہاتھ ہے، یہی وجہ ہے کہ ترقی یافتہ ممالک میں تعلیم کے شعبے پر ہر کسی کی خاص نظر ہوتی ہے، اور انتخابات و الیکشن وغیرہ کے موقع پر کسی فرد یا افراد کو ترجیح دینے اور لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لئے یہ بہت اہم موضوع شمار کیا جاتا ہے۔

وطنِ عزیز کے دگرگوں حالات میں بہت سے دوسرے عوامل کے ساتھ ساتھ ہمارے تعلیمی نظام کی کسمپرسی اور حکومتی رویہ کا بڑا ہاتھ ہے، سرکاری شعبے کے تحت چلنے والے سکولوں کا تو کیا کہنا، پرائیویٹ سطح کے سکولوں میں بھی اصل اہمیت اچھی تعلیم و تربیت کے بجائے دوسرے امور پر ہوتی ہے، اس تناظر میں سکول سے نکلنے والے بچے اکثر و بیشتر طوطے کی طرح بہت سی چیزیں رٹے ہوتے ہیں، لیکن سمجھ، معاملہ فہمی یا ادب و آداب سے کوسوں دور ہوتے ہیں۔

ان حالات میں ایک بہت چھوٹی کاوش کے طور پر "تعمیرِ پاکستان سکول" کے نام سے ایک سکول کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ جو اگرچہ ان حالات میں بہت بڑی بات نہیں، لیکن اس کی مثال اس چڑیا کی سی ہے جس نے چند قطرے پانی آتشِ نمرود کو بجھانے کے لیے اس پر پھینکے اور کسی کے پوچھنے پر کہا کہ "میں چاہتی ہوں کہ جب اس آگ کو بجھانے والوں کا ذکر ہو تو اس میں میرا نام بھی کہیں شامل ہو۔

"تعمیرِ پاکستان سکول" جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ ایک خالصتاً قومی سوچ کا حامل سکول ہے جو بچوں میں اپنے ملک سے پیار اور اپنی اقدار پر عمل کرنے کا حوصلہ پیدا کرنے کی کوشش میں مصروف ہے، "تعمیرِ پاکستان سکول" کا نصاب اس اصول پر مرتب کیا گیا ہے کہ عقلی اور سائنسی اصولوں کے مطابق بچے کی تعلیم و تربیت کا بہترین ذریعہ اس کی مادری زبان ہوتی ہے، چنانچہ اب تک کسی بھی ترقی یافتہ ملک نے اپنی تعلیم کا مدار کسی غیر ملکی زبان پر نہیں رکھا خواہ وہ چین، فرانس، جرمنی اور اٹلی جیسے ممالک ہوں یا امریکہ و برطانیہ۔

ہمارے ملک میں اردو زبان قومی زبان ہونے کے علاوہ ہمارے گھروں میں عام طور پر رائج اور اکثر و بیشتر بولی اور سمجھی جاتی ہے، اس لیے بچوں کو ابتدائی تعلیم کا آسان اور مفید ذریعہ اردو زبان ہے، انگریزی زبان اس وقت عالمی سطح پر نہ صرف بہت اہم ہے بلکہ ہمارے ملکی حالات کے تناظر میں اس کا جاننا ایک ضرورت بن چکا ہے، ''تعمیر پاکستان سکول'' نے اپنے طلبا کو انگریزی زبان سے روشناس کرانے کے لیے اسے ایک اہم مضمون کے طور پر نصاب میں شامل رکھا ہے، تاہم اس بات کی بہت کوشش کی گئی ہے کہ بچہ انگریزی کا ماہر بھی بن جائے اور اس کا ناتا اپنی زبان سے بھی نہ ٹوٹے اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے بچوں کو نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں مثلاً تقاریر (Debates) مکالمہ (Dialogues) اور مضمون نویسی (Essay writing) کے ذریعے بچوں میں انگریزی زبان کا ذوق پیدا کیا جائے نہ کہ صرف رسمی انداز میں تعلیم دی جائے۔

ان شاء اللہ اس طریقہ سے بچے نہ صرف دیگر مضامین کو اچھے طریقے سے سمجھ سکتے ہیں بلکہ اپنی انگریزی میں مہارت کی بدولت کسی بھی چیز کو انگریزی زبان میں منتقل (Translate) کرنے کے اہل بن سکتے ہیں، ابتدائی جماعتوں میں بچوں کو جدید ترین تعلیمی اصولوں اور طریقوں کے مطابق تعلیم حاصل کرانے کی کوشش کی گئی ہے، مثلاً مونٹیسوری (Montessory) اشتراکی طریقہ تعلیم (Participative) وغیرہ۔

بچوں کی تعلیم کے لیے اچھے، صاف ستھرے اور مہذب ماحول کا انتظام کیا گیا ہے، جو بچوں کی ذہنی نشوونما اور اخلاقی تربیت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

تعمیر پاکستان سکول میں اس بات کا اہتمام کیا گیا ہے کہ بچوں پر کتابوں کا بلاوجہ بوجھ نہ ڈالا جائے، بلکہ غیر روایتی اور جدید طریقوں کے ذریعے عملی تعلیم کی مشق کروائی جائے تاکہ بچوں میں موضوعات سے لفظی نہیں بلکہ عملی تعلق پیدا ہو۔

تعمیر پاکستان سکول میں بچوں پر کسی قسم کے جسمانی اور ذہنی تشدد پر پابندی عائد کی گئی ہے، بچوں کو ایسا ماحول فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ جس سے بچہ تعلیم حاصل کرنے میں خوشی محسوس کرے، اسی طرح نصابی تعلیم کے لیے بچوں کو ترغیب سے بھرپور طریقے استعمال کیے جانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

تعمیر پاکستان سکول نے اس بات کا اہتمام بھی کیا ہے کہ عرصے سے رائج بے معنی نظموں کی جگہ بامقصد اور ملکی تعمیر وخدمت کے جذبہ اور اسلامی سوچ کی حامل نظموں پر مشتمل ایک نصاب ترتیب دیا جائے، جس سے بچہ ایک مقصدیت کے ساتھ آگے بڑھے۔

تعمیر پاکستان سکول اس بات کا اہتمام بھی کرتا ہے کہ بچوں کو معاشرے کا فعال رکن بنانے کے لیے ایسی ہم نصابی سرگرمیوں کو فروغ دے جن سے مختلف معاشرتی شعبوں مثلاً ٹریفک قوانین، گلی محلے کی صفائی، شجرکاری وغیرہ کا عملی تجربہ حاصل ہو، تاکہ آئندہ زندگی میں رویے کو متعین کرنے میں اہم کردار ادا کر سکے۔

ذہنی نشوونما کے ساتھ ساتھ جسمانی صحت کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا ہے، جس میں مناسب طبی وڈاکٹری معائنہ، کھیل کود کے صحت مند مواقع کے ذریعے بچوں کی صحت کو پروان چڑھانے کی کوشش شامل ہے۔

ملک میں بے تحاشا چھٹیوں سے بچوں کی تعلیم بری طرح متاثر ہوتی ہے، تعمیر پاکستان سکول اس پر قابو پانے کے لیے حکومتی احکامات کے اندر رہتے ہوئے اس بات کا اہتمام کرتا ہے کہ بچوں کو پڑھائی کے زیادہ سے زیادہ مواقع حاصل ہوں، چنانچہ عام مروجہ ہفتے میں پانچ دن تعلیم کے بجائے ہفتے میں چھ دن تعلیم کا اہتمام کیا گیا ہے۔

طلباء وطالبات کے دینی مقاصد کی تکمیل کے لیے قرآنی تعلیم، دعاؤں اور سنتوں کی ترویج کا اہتمام کیا گیا ہے، تعمیر پاکستان سکول بچوں کو ناظرہ قرآن پاک کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے تاکہ بچے قرآن پاک کی تعلیم سے محروم نہ ہوں۔

بچوں کو سکول لانے لے جانے کے لیے سکول کے پاس ابتدائی گاڑی کی سہولت بھی موجود ہے، اس کے علاوہ اور بہت سی سہولیات اور فوائد جو آپ کو تعمیر پاکستان سکول سے تعلق قائم کرنے پر معلوم ہو سکتی ہے۔

آیئے! اپنے بچوں کو بامقصد تعلیم کی طرف لانے میں ہمارا ساتھ دیں۔

تعمیرِ پاکستان سکول

چاہ سلطان گلی نمبر 17 (عقب PSO پٹرول پمپ) راولپنڈی فون 051-5780927

کیا وجہ ہے؟

کہ آپ کے بچے انگلش میڈیم سکول میں پڑھنے کے باوجود انگریزی زبان بولنے اور سمجھنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں۔

ڈھیروں کتابیں ہونے کے باوجود بچوں کی معلومات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

تو جان لیجیے!

کہ اصل مسئلہ غلط طریقۂ تعلیم ہے

بچوں کی صحیح تعلیم اسی زبان میں ہو سکتی ہے، جو انہیں آسانی سے سمجھ آتی ہو۔

نیشنل میڈیم

تعمیرِ پاکستان سکول

- نصاب قومی زبان میں، جسے سمجھنا بچوں کے لئے بہت آسان
- کمپیوٹر کی تعلیم نصابی (Theoretical) کے بجائے عملی (Practical)
- انگلش میں مہارت حقیقی انداز میں
- نصاب کی جدید ترین طریقوں پر تعلیم
- دینی اور قومی تقاضوں کی تکمیل پر خصوصی توجہ

ہمارے لئے تعلیم کاروبار نہیں بلکہ عبادت ہے

داخلے جاری ہیں

محدود مدت تک داخلہ فیس میں خصوصی رعایت

تعمیرِ پاکستان سکول

چاہ سلطان (سلطان پورہ) گلی نمبر 17، عقب پٹرول پمپ و چمڑا گودام

نزد ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان۔ فون: 051-5780927

نیشنل میڈیم

تعمیرِ پاکستان سکول

جدید تعلیم قومی اور دینی سوچ کے ساتھ

تعمیرِ پاکستان سکول کے قیام کا مقصد والدین کو ایسے سکول اور نظامِ تعلیم کی فراہمی ہے، جس کے ذریعے بچے آسانی سے اپنے، دینی، دنیاوی اور قومی ذمہ داریوں سے نہ صرف آگاہ ہو جائیں، بلکہ انہیں تمام اخلاقی اقدار اور قومی تقاضوں پر عمل کرنا بھی آسان ہو جائے، اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے تعمیرِ پاکستان سکول نے بڑی محنت سے اپنا نصاب (Course) مرتّب کیا ہے، جس میں درج ذیل باتوں کا خیال رکھا گیا ہے:

(1)...... نصاب ایسی زبان میں ہو جو بچوں کو آسانی سے سمجھ آ جائے۔

(2)...... نصاب کی مقدار نہایت مناسب ہو، تاکہ بچہ اسے مطلوبہ وقت میں بسہولت یا بآسانی پڑھ سکے۔

(3)...... غیر ضروری اور متعلقہ بچوں کی ذہنی سطح سے بلند باتوں اور مضامین سے پرہیز ہو۔

(4)...... کتابوں کا بوجھ بہت کم ہو۔

(5)...... کتابوں کی قیمت کم سے کم اور والدین پر بوجھ نہ ہو۔

(6)...... کتابوں کی خوبصورتی سے زیادہ، تعلیمی مواد کی خوبصورتی پر توجہ ہو۔

(7)...... انگلش زبان پر عبور اور مہارت درجہ بدرجہ اور آسان انداز میں کروائی جائے۔

تعمیرِ پاکستان سکول میں نصاب کی تکمیل کے ساتھ ساتھ سکول کی عمارت کو بھی صاف ستھرا اور تعلیمی ماحول سے ہم آہنگ بنانے کی طرف پوری توجہ دی گئی ہے، اور تمام بنیادی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

تعمیرِ پاکستان سکول میں تعلیمی عمل کو تشدد اور مار پیٹ سے پاک رکھا جاتا ہے، اور ایسے طریقوں سے بچوں کو تعلیم دینے کی کوشش کی جاتی ہے جو دلچسپ اور عام فہم ہوں۔

تعمیرِ پاکستان سکول میں ایسی ہم نصابی سرگرمیوں کی طرف خصوصی توجہ دی جاتی ہے، جو بچوں میں اخلاقی بلندی برداشت اور تعاون کو فروغ دیں۔

اگر آپ اپنے بچوں کے لیے اچھے ماحول میں انتہائی کم اخراجات کے ساتھ تعلیم کے خواہش مند ہیں، تو ایک مرتبہ تعمیرِ پاکستان سکول ضرور تشریف لائیں۔ ان شاء اللہ آپ مایوس نہیں ہوں گے۔

محلّہ سلطان پورہ، چاہ سلطان، عقب PSO پٹرول پمپ، راولپنڈی

Phone No: 051-5780927